AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 12 November 2026
Time : 07:40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل اندرابی
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز

✓ ۱۔۔۔۔لیفٹیننٹ گورنر کا کشمیر کے ثقافتی ورثے کو تحفظ فراہم کرنے پر زور// ملک کی یکجہتی کو برقرار رکھنے میں ثقافت کے رول کو بتایا اہم۔

✓ ۲۔۔۔۔وزیر اعلیٰ نے امتحانات کے عمل میں مزید شفافیت لانے کا سرکار کا دہرایا عزم// امتحانی عمل میں اصلاحات لانے کی غرض سے تشکیل دی گئی اعلیٰ اختیار والی کمیٹی کی میٹنگ۔

✓ ۳۔۔۔۔کشتواڑ میں 10 نومبر کو لاپتہ ہوئے 2 ایس پی اوز کی لاشیں دچھن کے جنگلاتی علاقے سے برآمد// واقعے کی شدید مذمت۔

اور

✓ ۴۔۔۔۔پبلک براڈ کاسٹنگ کا قومی دن آج// نمونیا سے متعلق عالمی دن پر بھی پروگراموں کا انعقاد۔

ایل جی ثقافت

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کشمیر کے بیش قیمت ثقافتی ورثے کے احیائے نو، تحفظ اور اس کو ڈیجیٹائز کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ آج سرینگر میں کانکنی بلڈنگ ہیومینٹی کے اہتمام سے منعقدہ ایک قومی سمینار سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ جموں وکشمیر کا ثقافتی ورثہ اقدار کی ایک زندہ مثال ہے، جس سے آنے والی نسلوں کو تحریک ملنی چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ ثقافت نے ملک کی یکجہتی کو برقرار رکھنے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔

----L.G ----

ایل جی نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں جموں وکشمیر کے ثقافتی ورثے کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جارہے ہیں۔ کلچر اور سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے ورچیول موڑ کے ذریعے اس سمینار میں شرکت کی۔

ایل جی خراج

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھارت رتن مہامانا پنڈت مدن موہن مالویہ کی برسی کے موقعے پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا ہے کہ مدن موہن مالویہ ایک عظیم ماہر تعلیم، مجاہد آزادی اور قومی معمار تھے۔ انہوں نے کہا کہ آنجہانی کی خدمات، قربانی، حب الوطنی اور قومی اتحاد کے اصول نئی نسل کیلئے مشعل راہ ہیں۔

وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے علاوہ دیگر کئی شخصیات نے بھی پنڈت مدن موہن مالویہ کو ان کی برسی پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پبلک امتحانات کو محفوظ اور شفاف طرز عمل پر منعقد کرانے کے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے آج امتحانی عمل میں اصلاحات لانے کی غرض سے تشکیل دی گئی اعلیٰ اختیار والی ٹاسک فورس کمیٹی کی ایک میٹنگ طلب کرکے اس ضمن میں ہو رہی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو اور وزیر تعلیم شمیم فردوس کے علاوہ انتظامیہ کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ نے امتحانات منعقد کرانے کے عمل میں کسی بھی طرح کی کوتاہی کے سلسلے میں زیرو ٹالرنس اپنانے اور اس عمل میں ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا۔

عمر عبداللہ نے طالب علموں کے مفاد میں اس عمل میں مناسب اصلاحات لانے کی ہدایت دی۔انہوں نے جموں وکشمیر اور مرکزی سرکار کے اداروں کے مابین قریبی تال میل کی اہمیت اُجاگر کی۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے جموں وکشمیر میں سائنسی طور طریقوں کو بروئے کار لاکر ڈیری سیکٹر اور جانوروں کی طبی نگہداشت کے شعبوں میں مزید بہتری لانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

سکاسٹ جموں میں ایسوسی ایشن آف **Mastitis** کی **2** روزہ بین الاقوامی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے یونیورسٹیوں، تحقیقی اداروں، سرکاری محکموں اور دیگر متعلقین کے مابین قریبی تال میل کی ضرورت اجاگر کی تاکہ ڈیری سیکٹر کو مزید پائیدار بنانے کیلئے مشترکہ کوششیں کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکار نے ڈیری سیکٹر کی ترقی کو اپنی ترجیحات میں شامل کیا ہے۔کانفرنس کے افتتاحی اجلاس میں سکاسٹ جموں کے وائس چانسلر پروفیسر بی این ترپاٹھی اور دیگر کئی اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

بشیر ویری

بجبہاڑہ۔سریگفوارہ حلقہ انتخاب کے ممبر اسمبلی ڈاکٹر بشیر احمد ویری نے آج شیخ پورہ آرونی کا دورہ کرکے وہاں پیش آئی آگ کی واردات میں ہوئے نقصان کا جائزہ لیا۔

ہمارے نمائندے تصدق رشید کے مطابق ایم ایل اے موصوف نے اس حادثے کے متاثرین کے ساتھ ہمدردی ظاہر کرتے ہوئے انہیں سرکار کی جانب سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

ہلال اکبر لون

ایم ایل اے سوناواری ہلال اکبر لون نے آج منی سیکریٹریٹ بانڈی پورہ میں افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران حلقہ انتخاب سوناواری کے ترقیاتی منظر نامے کے علاوہ موسم سرما کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں آر اینڈ بی، پی ایچ ای، پی ایم جی ایس وائی میونسپل کمیٹی سمبل، پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور دیگر متعلقہ محکموں کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔

تخمینہ کمیٹی

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کی تخمینہ جات سے متعلق کمیٹی کی ایک میٹنگ آج جموں میں نذیر احمد خان گریزی کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے دوران صحت وطبی تعلیم محکمے کی مجموعی کارگزاری کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی کے چیئرمین اور ممبران نے جموں کشمیر میں طب کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

کشتواڑ

کشتواڑ میں **10** نومبر کو لاپتہ ہوئے **2** سپیشل پولیس افسروں کی گولیوں سے چھلنی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ہمارے جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ مذکورہ ایس پی اوز کی شناخت **45** سالہ رشپال کمار اور **57** سالہ بوبی چند کے بطور ہوئی ہے۔ یہ دونوں کشتواڑ ضلعے میں دچھن کے مقام پر ایس او جی میں تعینات تھے۔

دونوں ایس پی اوز **10** نومبر کو مڑوا کے دھرنا سیکٹر میں ڈیوٹی کے دوران لاپتہ ہو گئے تھے اور آج دچھن کے ایک جنگلاتی علاقے میں اُن کی لاشیں برآمد کی گئیں۔ سیکورٹی فورسز نے اس علاقے میں تلاشی کارروائی عمل میں لائی۔

مذمت

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور جموں کشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ غلام نبی آزاد نے کشتواڑ میں **2** ایس پی اوز کو قتل کئے جانے اور کولگام میں سی آر پی ایف اہلکاروں پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے الگ الگ بیانات میں دونوں لیڈروں نے ان واقعات کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ ان میں ملوث افراد کو بے نقاب کر کے سخت سزا دی جانی چاہیئے۔

بی جے پی

پردیش بی جے پی صدر ست شرما نے بھی مذکورہ ایس پی اوز کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی قربانی کو سلام پیش کیا ہے۔

پریس کے نام جاری ایک بیان میں انہوں نے سوگوار کنبوں کے ساتھ یکجہتی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ست شرما نے کہا کہ حب الوطنی کے جزبے اور فرائض کی انجام دہی کے دوران دی گئی اس قربانی کیلئے قوم ان کی مرہون منت رہے گی۔

پبلک سروس ڈے

آج ملک میں پبلک سروس براڈ کاسٹنگ ڈے منایا جارہا ہے۔آج ہی کے دن **1947** میں بابائے قوم مہاتما گاندھی نے نئی دلی کے براڈ کاسٹنگ ہاؤس کا دورہ کرکے وہاں اُس وقت ملک کے بٹوارے کے بعد کرُک شیتر میں قیام پذیر پناہ گزینوں سے خطاب کیا تھا۔

------ **Gandhi Ji**------

واضح رہے کہ سال **2000** میں اس وقت کی اطلاعات ونشریات کی وزیر سشما سوراج نے ہر سال **12** نومبر کو پبلک براڈ کاسٹنگ ڈے منانے کا اعلان کیا تھا۔

عالمی دن

آج ہی نمونیا بیماری سے بچاؤ کے متعلق بیداری پیدا کرنے کا عالمی دن بھی ہے۔آج کے دن نمونیا سے بچنے کی احتیاطی تدابیر اور دستیاب علاج ومعالجے کی سہولیات کے بارے میں جانکاری پیدا کرنے کے کئی پروگرام منعقد ہوئے۔ان پروگراموں کا اہتمام بعض ہسپتالوں اور کئی رضا کار تنظیموں نے کیا تھا۔

اس سال اس دن کا موضوع

"A New Era of Pneumonia Control" ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔
خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

GONG

ایف آئی آر

جموں وکشمیر کے ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش مہاجن نے شادی مرگ پلوامہ میں ایک پرائیویٹ سکول کے انتظامیہ کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کی سفارش کی ہے۔یہ احکامات دربگام پلوامہ میں سکول کی ایک بس کو حادثہ پیش آنے کے بعد جاری کئے گئے ہیں،جس میں سوار **13** طالب علموں میں سے **11** زخمی ہوگئے تھے۔

اس بس کے پاس لازمی فٹنس سرٹیفکیٹ اور دوسرے ضروری دستاویزات نہیں تھے۔
ہمارے نمائندے میر نذیر نے خبر دی ہے کہ ٹرانسپورٹ کمشنر نے طالب علموں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کی پاداش میں اسکول انتظامیہ کے خلاف قانونی کارروائی کرنے پر بھی زور دیا ہے۔

ایل جی ملاقات

جموں وکشمیر زون میں سینٹرل ریزرو پولیس فورس کے سپیشل ڈائریکٹر جنرل سندیپ کھیروار نے آج سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کر کے یوٹی کی موجودہ سلامتی صورتحال پر اُن کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔
اس دوران پیرزادہ منظور احمد شاہ کی قیادت میں جے اینڈ کے کھادی گرام اُدیوگ فیڈریشن کے ایک وفد نے بھی ایل جی کے ساتھ ملاقات کی۔

سکاسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے اہتمام سے آج کشتواڑ سے تعلق رکھنے والے **70** کسانوں کیلئے ایک بیداری پروگرام منعقد ہوا۔
اس موقعے پر ان کسانوں کو زرعی سرگرمیوں میں سائنسی طور طریقے اپنانے سے متعلق جانکاری دی گئی۔

ویشو میلہ

جنوبی ضلع کولگام میں ویشوادبی وتجارتی میلہ جاری ہے۔ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ آج دوسرے دن بھی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے میلے میں شرکت کی۔
آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کولگام کے ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم نے کہا کہ میلے کے دوران اب تک کئی طرح کے ثقافتی پروگرام پیش کئے گئے جن میں لوگوں نے زبردست دلچسپی دکھائی۔

---------DC----------

گوروتیغ سمینار

شری گروتیغ بہادر صاحب جی کے **350** ویں شہیدی دیوس کے سلسلے میں ابھینو تھیٹر جموں میں کل ایک علمی اور بین عقیدتی سمینار کا انعقاد ہو رہا ہے۔

یہ سمینار کلچر کی مرکزی وزارت کے اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس اور جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کے مشترکہ اہتمام سے منعقد ہوگا۔

سمینار کے دوران گرو جی کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا جائے گا جبکہ کئی دانشور بین عقیدتی فلسفے کے مختلف پہلوؤں پر بات کریں گے۔

پولیس

جموں کشمیر پولیس نے منشیات کی سمگلنگ کے خلاف اپنی کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے ضلع اننت ناگ سے **5** افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے نشہ آور اشیا کی کچھ مقدار برآمد کی ہے جبکہ اونتی پورہ سے بھی عادت سے مجبور ایک سمگلر کو **NDPS** ایکٹ کے تحت جیل بھیج دیا گیا ہے۔

اس دوران گاندربل، شوپیان اور بانڈی پورہ میں جموں کشمیر پولیس نے معدنیات کی غیر قانون کان کنی اور ترسیل میں استعمال ہونے والی **25** گاڑیاں ضبط کی ہیں جبکہ ان کے مالکان کے خلاف متعلقہ پولیس تھانوں میں معاملے درج کئے گئے ہیں۔

پیشگوئی

جموں وکشمیر میں موسم کی تبدیلی کے بعد میدانی علاقوں میں بارشیں ہوئی ہیں جبکہ کئی بالائی علاقوں میں تازہ برفباری کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔شوپیاں کو راجوری سے جوڑنے والے مغل روڑ پر پیر کی گلی کے مقام اور بانڈی پورہ کی وادیٔ گریز میں برفباری ہوئی ہے۔مغل روڑ کو ٹریفک کی آواجائی کیلئے احتیاط کے طور پر فی الحال بند کیا گیا ہے۔

محکمہ موسمیات نے جموں وکشمیر میں کل **13** نومبر تک میدانی علاقوں میں بارشوں اور بالائی علاقوں میں درمیانہ درجے کی برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔حساس علاقوں میں سفر کرنے والے لوگوں اور سیاحوں کو احتیاط برتنے اور ٹریفک ایڈوائزری پر عمل کرنے کیلئے کہا گیا ہے۔

نیشنل کانفرنس

ادھر نیشنل کانفرنس نے موسم سرما کے پیش نظر لوگوں کو ضروری اشیا کی دستیابی یقینی بنانے کی صوبائی انتظامیہ سے تاکید کی ہے۔

پارٹی کے صوبائی صدر کشمیر شوکت احمد میر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار لوگوں کو سہولیات فراہم کرانے کی وعدہ بند ہے۔

بڈگام

محکمہ سماجی بہبود بڈگام کی جانب سے آج گورنمنٹ ہائی سکول کاچھواری اور فوٹلی پورہ میں خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے مشن شکتی کے تحت جانکاری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

اس موقعے پر پروگرام کے شرکاء کو خواتین اور بچوں پر مرکوز محکمے کی اسکیموں اور اُن کا فائدہ اٹھانے کیلئے اہلیت، درخواست دینے کے طریقہ کار اور دیگر امور کی نسبت سے تفصیلی جانکاری دی گئی۔

سوچھ ایوارڈ

ایک اہم پیش رفت کے تحت سوچھ سرویکشن ایوارڈس **2026-26** میں وادی کشمیر کے دو اضلاع اعزازات حاصل کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔ ان میں وسطی ضلع بڈگام اور جنوبی کشمیر کا پہاڑی ضلع شوپیان شامل ہیں۔ ان دونوں اضلاع کو یہ اعزازات متعلقہ قصبوں کو صاف ستھرا رکھنے کے صلے میں دیا گیا ہے۔ یہ ایوارڈ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلی میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران عطا کئے۔ بڈگام ضلعے کا ایوارڈ ڈپٹی کمشنر جتن کشور اور میونسپل کونسل کے چیف ایگزیکٹیو افسر نے حاصل کیا۔ اسی طرح سے شوپیاں کا ایوارڈ ڈپٹی کمشنر چرن دیپ سنگھ نے حاصل کیا۔

اشتہار

آکاشوانی نیوز سرینگر کو بلتی زبان میں کیجول نیوز ریڈر کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل ترتیب دینا ہے۔ اس سلسلے میں **21** برس سے **50** برس تک کی عمر کے امیدوار درخواستیں دے سکتے ہیں۔ امیدوار کا گریجویٹ ہونا لازمی ہے نیز انہیں بلتی پڑھنے اور انگریزی یا اردو زبانوں سے بلتی میں ترجمہ کرنے کی صلاحیت ہونی چاہئے۔

جنرل کیٹگری امیدواروں کو اپنی درخواست کے ہمراہ ڈرائینگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسر آکاشوانی سرینگر کے نام **354** روپے کا ڈیمانڈ ڈرافٹ رکھنا ہوگا جبکہ **SC/ ST** اور **OBC** امیدواروں کو اس فیس سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔ درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ **30** نومبر مقرر کی گئی ہے۔ جن امیدواروں نے پہلے ہی کیجول نیوز ریڈر کم ٹرانسلیٹر کیلئے درخوستیں جمع کی ہیں، انہیں نئے سرے سے درخواست دینے کی کوئی ضرورت ہیں ہے۔

مزید تفصیلات کیلئے امیدوار موبائیل نمبر **7006958620** یا فون نمبر **0194-2452019** پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔

تمباکو نوشی

60 دنوں پر مشتمل تمباکو مکت نوجوان مہم کے تحت پورے جموں وکشمیر میں تمباکو مخالف بیداری پروگراموں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس تعلق سے سکولوں، کالجوں اور دیگر اداروں میں سمیناروں اور بحث ومباحثوں کا انعقاد کرکے نوجوانوں کو تمباکو نوشی کے مضر اثرات سے روشناس کرایا جارہا ہے۔

یہ بات حوصلہ افزاء ہے کہ عام لوگ بھی تمباکو نوشی کی حوصلہ شکنی کیلئے رضا کارانہ طور آگے آرہے ہیں۔

قبائیلی میلہ

نئی دلی کے **Habitat** سینٹر میں آج سے **2** روزہ قومی قبائلی ادبی میلہ شروع ہوگیا ہے۔ قبائلی امور کی وزارت کے اہتمام سے یہ میلہ جن جاتیہ گورودوس کی مناسبت سے منعقد کیا جارہا ہے۔

میلے کے دوران قبائلی طبقے کی ثقافت اور ادبی میراث کو اجاگر کیا جارہا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **10.4** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **5.6** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **27.1** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **15.3** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **7** بجکر ایک منٹ اور غروب آفتاب شام **5** بجکر **29** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

آپ سنئے تبصرہ۔

خدا حافظ۔
